# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: " سنیپ پول 2020"

## " پاکستان میں کورونا وائرس"

# ہر 5 میں سے 3 (60%) پاکستانی اس حوالے سے پُراعتماد ہیں کہ پاکستانی حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نمٹ رہی ہے۔

(گیلپ انٹرنیشنل اور گیلپ پاکستان پول)،

اسلام آباد، 25 مارچ، 2020

مارچ 2020 میں منعقد ہونے والے گیلپ انٹرنیشنل سنیپ پول کے مطابق، ہر 5 میں سے 3 (60%) پاکستانی اس حوالے سے پُراعتماد ہیں کہ حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نمٹ رہی ہے۔

جب حکومتیں لاک ڈاؤن، معاشرتی دوری (سوشل ڈسٹنسنگ) اور آئسولیشن وارڈ جیسے حل کی طرف جارہی ہیں، حکومت کے اقدامات پر اعتماد کے حوالے سے پاکستان کی شرح دنیا بھر کی شرح سے کم ہے۔ 28 ممالک میں سے، کورونا وائرس سے نمٹنے کے حوالے سے حکومت پر اعتماد کی درجہ بندی میں پاکستان کا 17 ویں نمبر ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ ۔"**برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ پاکستانی حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نمٹ رہی ہے؟**"، اس سوال کے جواب میں 60% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس حوالے سے متفق ہیں کہ پاکستانی حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نمٹ رہی ہے، جبکہ 37% جوابدہندگان کے مطابق پاکستانی حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نہیں نمٹ رہی، تاہم 2% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**دنیا بھر کے نتائج:** دنیا بھر میں 62% جوابدہندگان متفق ہیں کہ اُن کی حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نمٹ رہی ہے، جبکہ 32% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نہیں نمٹ رہی۔ آسٹریلیا اور بھارت کورنا وائرس سے نمٹنے کے حوالے سے اپنی حکومتوں پر سب سے زیادہ اعتماد کا اظہار کرتے ہیں، جبکہ جاپان اور تھائی لینڈ کورنا وائرس سے اچھی طرح نمٹنے کے حوالے سے اپنی حکومتوں پر سب سے کم اعتماد کا اظہار کرتے ہیں۔

پاکستان کے نتائج کا دنیا بھر کے نتائج سے موازنہ کیا جائے، تو اعتماد کے لحاظ سے پاکستان 10 ممالک سے اوپر ہے جن کے مطابق اُن کی حکومت کورونا وائرس کی وباء سے اچھی طرح سے نمٹ رہی ہے اور 16 ممالک سے کم ہے۔ جب حکومتیں لاک ڈاؤن، معاشرتی دوری (سوشل ڈسٹنسنگ) اور آئسولیشن وارڈ جیسے حل کی طرف جارہی ہیں، حکومتی اقدامات پر اعتماد کے لحاظ سے پاکستان کی شرح دنیا بھر کی شرح سے کم ہے۔ 28 ممالک میں سے، کورونا وائرس سے نمٹنے کے حوالے سے حکومت پر اعتماد کی درجہ بندی میں پاکستان کا 17 ویں نمبر ہے۔

**ممالک کے نتائج:** بھارت میں، 83% جوابدہندگان کے مطابق حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نمٹ رہی ہے، جبکہ 13% جوابدہندگان کے مطابق حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نہیں نمٹ رہی۔

افغانستان میں، 63% جوابدہندگان اس بات سے متفق ہیں کہ اُن کی حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نمٹ رہی ہے، جبکہ 33% جوابدہندگان اس بات سے غیر متفق ہیں۔

"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں کہ پاکستانی حکومت کورونا وائرس سے اچھی طرح نمٹ رہی ہے؟"




*Source: Snap Poll 2020*

*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ نتائج گیلپ انٹرنیشنل (جسے 1947 میں عالمی شہرت یافتہ اسکالر اور پولسٹر ڈاکٹر جارج گیلپ نے قائم کیا تھا) کی جانب سے تشکیل دیے جانے والے سروے جسے خصوصی 28 ملکوں میں منعقد کیا گیا تھا میں سے ہیں۔ اور پاکستان میں یہ سروے گیلپ پاکستان نے کیا ہے جو کہ سروے کرنے والے اداروں میں سے پاکستان کا سب سے تجربہ کار اور قابل اعتماد ادارہ ہے جو کہ 1979 کے بعد سے کام کر رہا ہے۔ اس سروے میں دنیا بھر کے 24،652 افراد شامل ہیں جو کہ مختلف نسلوں، خطوں، مذاہب، عمر اور جنس کے افراد ہیں۔

نوٹ: یہ سروے گذشتہ ہفتے ملک بھر میں لاک ڈاؤن شروع ہونے سے پہلے کیا گیا تھا اور ہم اس حوالے سے عوام کی رائے جاننے کا رکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 25 March 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2020

celebrating 40 years of Gallup Pakistan
(1980-2020)